سوال

(717) عمامہ باندھتے ہوئے ایک شملہ چھوڑنا ثابت ہے یا دونوں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

(۱) حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عمامہ باندھتے ہوئے ایک شملہ چھوڑنا ثابت ہے یا دونوں ۔ نیز اس شملے کے بارے میں کہا جاتا ہے ایک ہاتھ لمبا ہو کیا یہ صحیح ہے ؟ اگر صحیح ہے تو ہاتھ سے یہاں پر کہنی تک بازو مراد ہے یا آج کل کا معروف گز؟ محمد شہبار حمید لاہور

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایک شملہ اور دو شملہ دونوں قسم کی روایات ملتی ہیں باقی شملے کی مقدار کا مجھے علم نہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد 01 ص 505

محدث فتویٰ